مولانا محمد ابراہیم فانی

تعارف و تبصرہ کتب

تعمیر حیاتِ لکھنؤ خصوصی شمارہ مفکر اسلام نمبر ۱۰ جولائی تا ۲۵ اگست ۲۰۰۰ء

مدیر: شمس الحق ندوی ناشر: مجلس صحافت و نشریات دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ بھارت

زیر تبصرہ شمارہ مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کی ہمہ گیر شخصیت اور عالمگیر خدمات پر نہ صرف ایک خصوصی نمبر بلکہ ایک عظیم تاریخی دستاویز ہے۔ جس سے آئندہ آپ کی تاریخ و سیرت کا طالب علم بطور حوالہ کافی استفادہ کرے گا اور اس کے مطالعہ سے جہاں ایک جانب حضرت مولانا علی میاں رحمہ اللہ کی علمی جہانگریت نمایاں ہوتی ہے تو دوسری طرف اپنی سیرت و کردار کو سنوارنے کے لئے یہ ایک اعلیٰ پیمانہ ہے۔ یہ خصوصی شمارہ 351 صفحات پر مشتمل ہے اور اس کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حصہ انفرادیت واختصاص' دوسرا مشاہدات و تاثرات' تیسرا حضرت مولاناؒ کی تصنیفات و تالیفات کا تجزیہ' چوتھا خاندان اور شخصیت ساز ماحول کے اثرات جبکہ پانچواں حصہ منظوم نذرانہ ہائے عقیدت کے زیر عنوان ہے۔

اس قسم کے خصوصی شماروں کیلئے چونکہ متعلقین ومعتقدین اور متوسلین کے مضامین بھیجتے ہیں جس میں وہ اپنے محبوب اور آئیڈیل شخصیت کو اپنے اپنے انداز میں نذرانہ ہائے عقیدت اور محبت کے پھول پیش کرتے ہیں جس سے فطری طور ہر مضمون نگار یا مقالہ نویس کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ میرا مضمون شامل اشاعت ہو۔ مگر اس میں سب سے بڑی مشکل یہ پیش آتی ہے کہ اس سے رسالہ کی ضخامت کافی بڑھ جاتی ہے اور بعض اوقات اکثر مضامین میں تکرار بھی ہوتی ہے چنانچہ اسی مشکل کو مد نظر رکھتے ہوئے ادارتی کمیٹی نے ایسے مضامین کا انتخاب کیا جو ہر لحاظ سے اپنے موضوع پر محیط ہیں۔ الحمد للہ بر صغیر کے تمام اردو جرائد میں الحق کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے سب سے پہلے الحق کا خصوصی شمارہ حضرت علی میاںؒ کے سانحہ ارتحال پر نکالا۔ جسکی ملک وبیرون ملک انتہائی پذیرائی ہوئی اور سینکڑوں خطوط اسکے متعلق ادارہ کو موصول ہوئے۔ زیر نظر شمارہ میں بھی اسکی طرف معمولی اشارہ موجود ہے۔

انشاء اللہ یہ عظیم نمبر حضرت کی شخصیت کے متعلق ایک تاریخی دستاویز ثابت ہوگی اور وقتاً فوقتاً تعمیر حیات حسب سابق آپ کے ارشادات و فرمودات شایع کرتا رہے گا جس سے ایک دنیا مستفید ہوتی رہے گی۔